# نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ: لاہور بلوز، راولپنڈی، ملتان، سیالکوٹ، ایبٹ آباد، اسلام آباد، لاہور وائٹس اور پشاور کی کامیابی

- آزاد جموں کشمیر کی ٹیم صرف 59 رنز پر آؤٹ

**کراچی 27 نومبر، 2023ء:**

نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں پیر کے روز کھیلے گئے میچوں میں لاہور بلوز، راولپنڈی، ملتان، سیالکوٹ، ایبٹ آباد، اسلام آباد، لاہور وائٹس اور پشاور نے کامیابی حاصل کرلی۔

یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں لاہور بلوز نے ڈیرہ مراد جمالی کو 5 وکٹوں سے ہرادیا۔

ڈیرہ مراد جمالی نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 9 وکٹوں کے نقصان پر 139 رنز بنائے۔ ناصر خان 30 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ اسفند مہران نے 24 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

لاہور بلوز نے 5 وکٹوں پر 142 رنز بنا کر میچ جیت لیا۔ رضوان حسین 45 اور حسین طلعت 43 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ ناصر خان نے 16 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

ایچ پی سی اوول گراؤنڈ میں راولپنڈی نے بہاولپور کو 37 رنز سے شکست دیدی۔

راولپنڈی نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 232 رنز اسکور کیے۔ ذیشان ملک نے 57 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ ان کی اننگز میں چھ چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔ یاسر خان نے پانچ چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 55 اور رحمن خان نے 52 رنز اسکور کیے جس میں سات چوکے شامل تھے۔ گلفام عزیز نے دو وکٹیں حاصل کیں۔
بہاولپور کی ٹیم 7 وکٹوں کے نقصان پر 195 رنز بنا سکی۔ عون شہزاد نے بارہ چوکوں کی مدد سے 76 رنز اسکور کیے۔ معین الدین نے 55 رنز بنائے جس میں چار چوکے اور پانچ چھکے شامل تھے۔ شیراز خان، جہانداد خان اور زمان خان نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں ملتان نے فاٹا کو 3 رنز سے ہرا دیا۔
ملتان نے پہلے کھیلتے ہوئے 5 وکٹوں کے نقصان پر 153 رنز بنائے۔ شرون سراج 56 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ عاکف جاوید نے 21 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔
فاٹا کی ٹیم 7 وکٹوں پر 150 رنز بنانے میں کامیاب ہو سکی۔ سمیع اللہ جونیئر نے 47 رنز اسکور کیے۔ طاہر حسین نے 27 اور عامر یامین نے 36 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس میں سیالکوٹ نے آزاد جموں کشمیر کو 9 وکٹوں سے ہرا دیا۔
آزاد جموں کشمیر کی ٹیم صرف 59 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ نوید ملک 24 رنز کے ساتھ ڈبل فگرز میں آنے والے واحد بیٹر تھے۔ عثمان خالد نے 13 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔
سیالکوٹ نے ایک وکٹ کے نقصان پر ہدف حاصل کر لیا۔ عماد بٹ اور مرزا طاہر بیگ 27، 27 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

ایچ پی سی اوول گراؤنڈ میں ایبٹ آباد نے فیصل آباد کو 6 وکٹوں سے شکست دیدی۔
فیصل آباد کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 143 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ عبدالصمد 47 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ شہاب خان اور عادل ناز نے 22 اور 23 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔
ایبٹ آباد نے 4 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کر لیا۔ کامران غلام پانچ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 62 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ صداقت علی نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں اسلام آباد نے حیدرآباد کو 10 رنز سے شکست دیدی۔

اسلام آباد نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں پر 153 رنز بنائے۔ سرمد بھٹی نے 56 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔

حیدرآباد کی ٹیم 7 وکٹوں پر 143 رنز بنا سکی۔ محمد سلیمان نے 62 رنز اسکور کیے۔ عمیر آفریدی اور حارث رؤف نے بالترتیب 22 اور 29 رنز دے کر تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

نیشنل بینک اسٹیڈیم میں لاہور وائٹس نے کوئٹہ کو 9 وکٹوں سے ہرادیا۔

کوئٹہ نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 132 رنز بنائے۔ عبدالواحد بنگلزئی نے 79 رنز اسکور کیے جس میں چار چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔ محمد عرفان اور محمد عامر خان نے 18 اور 29 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

لاہور وائٹس نے ایک وکٹ کے نقصان پر ہدف حاصل کرلیا۔ احمد شہزاد نے دس چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے 81 رنز اسکور کیے۔ محمد اخلاق 44 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

آج کے دن کے آخری میچ میں پشاور نے لاڑکانہ کو 126 رنز سے شکست دیدی۔

نیشنل بینک اسٹیڈیم میں پشاور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 2 وکٹوں پر 248 رنز بنائے۔ صاحبزادہ فرحان نے 54 گیندوں پر 109 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے ان کی اننگز میں 15 چوکے اور 4 چھکے شامل تھے۔ افتخار احمد 31 گیندوں پر 8 چوکوں اور 4 چھکوں کی مدد سے 76 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ان دونوں نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 140 رنز کا اضافہ کیا۔

لاڑکانہ کی ٹیم 7 وکٹوں پر 122 رنز بنا پائی۔ عمر خالد 33 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ افتخار احمد اور عمران نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

-END-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4